اولاد کی صحیح تربیت نوافل میں مشغولیت سے بہتر ہے (ردالمحتار)

اہلِ اسلام اہلِ سنت وجماعت کی صحیح رہنمائی کرنیوالا مسلمان بچوں اور بچیوں کو سچا پکا سنی حنفی محمدی بنانے والا ایک نفیس و مبارک سلسلہ

یعنی

مرتبہ

خلیل العلماء مفتی محمد خلیل خاں قادری برکاتی
شیخ الحدیث دارالعلوم احسن البرکات (ٹرسٹ)
حیدرآباد (سندھ) پاکستان

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اردو بازار لاہور

## ششم کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْکِذْبِ وَالْغِیْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِیْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُھْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَ اَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ)

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں تیرے ساتھ کسی کو شریک کروں اور وہ میرے علم میں ہو اور میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اس گناہ سے جس کا مجھے علم نہیں۔ میں نے اس سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور کسی پر بہتان باندھنے سے اور ہر قسم کی نافرمانی سے اور میں اسلام لایا اور میں کہتا ہوں سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے برگزیدہ رسول ہیں۔

## ایمانِ مفصّل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ط

میں ایمان لایا اللہ پر اور اُس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر کہ ہر بھلائی اور بُرائی اللہ تعالیٰ نے مقدر فرما دی ہے اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا ہے۔

## ایمانِ مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَآئِهٖ

میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور

وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ اِقْرَارٌۢ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌۢ بِالْقَلْبِ ؕ

اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے قبول کیے اس کے تمام احکام مجھے اس کا زبان سے اقرار ہے اور دل سے یقین۔

## سبق نمبر ا

# اِسلامی عقیدوں کا خلاصہ

۱۔ اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں وہی اس کا مستحق ہے کہ اس کی عبادت اور بندگی کی جائے وہ بے پرواہ ہے کسی کا محتاج نہیں اور تمام جہان اس کا محتاج ہے۔

۲۔ لوگوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے جتنے نبی اور رسُول بھیجے ان میں سے ہر نبی پر ہمارا ایمان ہے۔ ہر مسلمان پر فرض ہے کہ اللہ کے نبیوں اور رسولوں کی تعظیم کرے اور یہ عقیدہ رکھے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب اور عزت والے بندے ہیں اور ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ تمام رسولوں کے سردار ہیں۔

۳۔ بہت سے نبیوں پر اللہ تعالیٰ نے صحیفے اور آسمانی کتابیں اُتاریں۔ یہ سب کتابیں اور صحیفے ہیں اور سب کلام اللہ ہیں اور اُن میں جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا، سب پر ایمان ضروری ہے۔ ان کتابوں میں سب سے افضل کتاب قرآنِ عظیم ہے جو سب سے افضل رسُول حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ پر اُتارا گیا اور اس کی حفاظت اللہ تعالیٰ نے خود اپنے ذمہ رکھی۔

۴۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کی ایک نورانی مخلوق ہیں جو نہ مرد ہیں نہ عورت وہ اللہ تعالیٰ کے معصوم اور فرمانبردار بندے ہیں اور وہی کرتے ہیں جو خدا کا حکم ہوتا ہے۔ ان کی غذا اللہ تعالیٰ کی عبادت اور ذکر ہے۔

۵۔ جن اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے۔ یہ آگ سے پیدا کیے گئے ہیں۔ انسانوں کی طرح کھاتے، پیتے، جیتے اور مرتے ہیں۔ ان میں مسلمان بھی ہیں اور کافر و بے دین بھی، بُرے بھی ہیں اور